Faisalabad Board-2024

pakcity.org

**Objective**
**Paper Code**
**5023**

رول نمبر: ____________

جماعت نہم

# اُردو لازمی (حصہ معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ      کل نمبر: 15

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔ |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | عقول کا واحد ہے: | عقلا | عاقل | عقل | عقیل |
| 2 | اول کی جمع ہے: | اولی | اولین | وائلن | اوائل |
| 3 | چیلا کی مؤنث ہے: | چیلی | چالن | چیل | چلنی |
| 4 | کمال کا متضاد ہے: | اکمل | زوال | زائل | معزول |
| 5 | اژدھا کی مؤنث ہے: | اژدھیہ مادہ | اژدھن | مادہ اژدھا | اژدھان |
| 6 | آتشِ غم میں دل بھنا شاید دیر سے بُو کباب کی سی ہے<br>یہ شعر کس ادبی اصطلاح کا حامل ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | کنایہ | مجازِ مرسل |
| 7 | نظم "پیوستہ رہ شجر سے، امیدِ بہار رکھ" سے علامہ اقبال کا مقصد ہے: | شاخِ بریدہ کی داستانِ حیات | شجرِ سایہ دار کی آپ بیتی | زرِ کامل عیار کی تیاری | قومی یکجہتی کی ترویج |
| 8 | "اس کا قد سرو کی طرح لمبا ہے"، میں "مشبہ بہ" ہے: | طرح | قد | سرو | لمبا |
| 9 | نتیجہ شائع ہونے پر کمترین جملہ مضامین میں ______ ہوا۔ | بدرجۂ اعلیٰ پاس | بدرجۂ اعلیٰ فیل | بدرجۂ اعلیٰ وظیفہ کا مستحق | بدرجۂ اعلیٰ ممتاز |
| 10 | سردار تجمل کی مصوّر نوازی کا مقصد تھا: | فنِ مصوری کی خدمت | نادار مصوّروں کی مدد | النشاط کی آرائش و زیبائش | سوسائٹی میں عزت و احترام |
| 11 | بیمار میاں کا آرام و سکون کس کی وجہ سے غارت ہوا؟ | بچہ | بیوی | للّو | فقیر |
| 12 | نصوح کا بیٹا سلیم حضرت بی کے نواسوں کے پاس مدد کے لئے گیا۔ کیوں کہ اسے یاد نہ تھا۔ کیا یاد نہ تھا؟ | آموختہ | اندوختہ | افروختہ | رُوباختہ |
| 13 | میر کا کلام آہ اور مرزا کا کلام واہ ہے۔ "میر" اور "مرزا" سے کون سے شعراء مراد ہیں؟ | میر تقی میرؔ اور مرزا غالب | میر تقی میرؔ اور مرزا رفیع سوداؔ | امیر مینائی اور مرزا غالب | میر امن اور مرزا فرحت اللہ بیگ |
| 14 | بیرنگ خط سے مراد ہے: | بغیر رنگ والا خط | ایسا خط جس کا کونہ کٹا ہوا ہو | بغیر یا کم ٹکٹ خط | خالی لفافہ جس میں کاغذ نہ ہو |
| 15 | ہجرتِ مدینہ کے وقت مکہ میں "خون بہا" کی مالیت تھی: | دس اونٹ | بیس اونٹ | نصف صد اونٹ | سو اونٹ |

www.pakcity.org

901-IX124-115000

Faisalabad Board-2024

جماعت نہم

رول نمبر: ________

# اُردو لازمی (حصہ انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:10 گھنٹے　　کل نمبر: 60

## (حصہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)

(i) ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ
ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

(ii) سبزوں کی لہلہاہٹ ، کچھ ابر کی سیاہی
اور چھا رہی گھٹائیں سرخ اور سفید کاہی

(iii) جو بے داغ لالہ ، جو بے خار گُل ہے
وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے

(iv) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اِس سے سوا تیرا
اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(حصہ غزل)

(v) لگتا نہیں ہے دِل مرا اُجڑے دیار میں
کس کی بنی ہے عالمِ ناپائیدار میں

(vi) ہم کو اُن سے ، وفا کی ہے اُمید
جو نہیں جانتے ، وفا کیا ہے

(vii) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

## (حصہ دوئم)

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 10

(الف) حضرت ابو بکرؓ سے پہلے قرارداد ہو چکی تھی۔ دونوں صاحب پہلے جبلِ ثور کے غار میں جا کر پوشیدہ ہوئے۔ یہ غار آج بھی موجود ہے اور بوسہ گاہِ خلائق ہے۔

(ب) شمالی دیوار کے ساتھ لگی ہوئی دونوں الماریوں میں مجلد کتابیں۔ کارنیس اور تپائیوں کے اوپر تر و تازہ پھولوں سے مزین گل دان، دروازے اور کھڑکیوں پر ریشمی پردے۔ وسط میں ایزل پر کینوس جو ابھی تک سادہ اور صاف ہے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) مصنف کا بنگلا کس روڈ پر تھا؟
(ii) مزاحیہ اور طنزیہ تحریر میں کیا فرق ہے؟
(iii) ڈراما "لہو اور قالین" میں کونسا موسم دکھایا گیا ہے؟
(iv) سیّد امتیاز علی تاج نے ریڈیو پر کونسا پروگرام شروع کیا؟
(v) غارِ ثور میں قیام کے دوران حضرت ابو بکر صدیقؓ کے غلام نے کیا خدمت کی؟
(vi) عہدِ خزاں کس کے واسطے لازوال ہے؟
(vii) شاعر کے لئے باعثِ حرمت کیا ہے؟
(viii) کون مشتاق ہے اور کون بے زار ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (i) نصوح اور سلیم کی گفتگو (ii) قدرِ ایاز 05

6۔ نصاب میں شامل نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام لکھیے۔ 05

7۔ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام بیماری کی رخصت کے لئے درخواست لکھیے۔ -- یا -- 10
چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اُسے اچھی صحبت اختیار کرنے کے لئے نصیحت کیجیے۔

8۔ "سچ کی برکت" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ -- یا -- دو ہم جماعتوں کے درمیان پڑھائی میں مدد کے لئے مکالمہ تحریر کیجیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 05

(i) طبیعت نے چاہا تو ضرور چلا جاؤں گا۔ (ii) اسامہ نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔ (iii) میں نے فرحان دیکھا۔
(iv) عورتوں نے کہاں ہم آگئی ہیں۔ (v) خون سرخ ہونا۔

-- یا --

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) آدمی کا شیطان ____ (ii) پاک ____ (iii) رات گئی ____ (iv) شیخی اور ____ (v) صورت نہ شکل ____

901-IX124-115000

www.pakcity.org

pakcity.org

Objective
Paper Code
5028

رول نمبر: ____________

جماعت نہم
اُردو لازمی (حصہ معروضی) گروپ دوسرا
وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کس حملہ آور کے وقت نظیر اکبر آبادی اپنی ماں اور نانی کے ساتھ آگرہ پہنچے؟ | احمد شاہ ابدالی | نادر شاہ | سلطان محمود غزنوی | محمد بن قاسم |
| 2 | مرزا غالب کی شادی کے وقت عمر تھی: | بارہ برس | تیرہ برس | چودہ برس | پندرہ برس |
| 3 | سیّد کی مؤنث ہے: | سیّدہ | سیّدانی | سادات | سادانی |
| 4 | مشرق کا متضاد ہے: | مشرقین | مشارک | جنوب | مغرب |
| 5 | شجر کا مترادف ہے: | درخت | اشجار | پرندے | طیور |
| 6 | موج کی جمع ہے: | موجیں | موجاں | امواج | موجوں |
| 7 | سجدہ کی جمع ہے: | اسجاد | ساجد | سجود | مسجود |
| 8 | رسول کریم ﷺ کے مدینہ آنے کی خبر دی: | حضرت ابو بکرؓ نے | حضرت عمرؓ نے | ایک یہودی نے | ایک عورت نے |
| 9 | حالی نے لاہور آ کر ملازمت کر لی: | پولیس میں | فوج میں | پنجاب بک ڈپو میں | بنک میں |
| 10 | سبق "آرام و سکون" میں ڈاکٹر نے مریض کو دوا سے زیادہ کیا ضرورت بتائی؟ | پرہیز | آرام و سکون | سیر | ورزش |
| 11 | سبق "امتحان" میں مصنف نے کس سے پوچھا کہ یہ پرچہ کس مضمون کا ہے؟ | طالب علم سے | نگران سے | سپرنٹنڈنٹ سے | گارڈ سے |
| 12 | دیوان فضل اللہ، مرزا کے مکان سے بغیر ملے گزرے: | بگھی میں | چرٹ میں | پالکی میں | کار میں |
| 13 | الگو چودھری کو آئے دن واسطہ رہتا تھا: | حکومت سے | پولیس سے | فوج سے | عدالت سے |
| 14 | ڈراما "لہو اور قالین" میں اختر کی بنائی ہوئی تصویر کو انعام کا مستحق قرار دیا گیا: | اوّل | دوئم | سوئم | چہارم |
| 15 | شاعر امیر مینائی کے نزدیک "مکاں اور لامکاں" میں کس کی ذات ہے؟ | انسان کی | حضور ﷺ کی | ملائکہ کی | انبیاء کی |

www.pakcity.org

pakcity.org

رول نمبر:__________

جماعت نہم

# اُردو لازمی (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:10 گھنٹے    کل نمبر: 60

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم) (i) سُنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں — ترا تذکرہ ہے ، تری گفتگو ہے

(ii) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا

(iii) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

(iv) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(حصہ غزل) (v) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار — قلم اپنا موتی پرویا کیا

(vi) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہو گا — اور درویش کی صدا کیا ہے

(vii) بُلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

## ( حصہ دوئم )

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10

(الف) ایک مشاعرے میں شیخ امام بخش ناسخ ایسے وقت پہنچے کہ جلسہ ختم ہو چکا تھا، مگر خواجہ حیدر علی آتش وغیرہ چند شعرا ابھی موجود تھے، یہ جا کر بیٹھے۔ تعظیم رسمی اور مزاج پُرسی کے بعد کہا کہ جناب خواجہ صاحب مشاعرہ ہو چکا؟ اُنھوں نے کہا کہ سب کو آپ کا اشتیاق رہا۔ شیخ صاحب نے یہ مطلع پڑھا:

(ب) توبہ آپ تو بوکھلا دیتے ہیں۔ دیکھ رہے ہیں، خط لکھ رہی ہوں۔ بچے کو چُپ کیوں کر کرا سکتی ہوں؟ نامراد چُپ ہو جا۔ خون نکل آیا تو کیا قیامت آگئی؟ ابھی آ رہی ہوں دو سطریں لکھ لوں۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں؟

(ii) رسمی اور غیر رسمی خطوط میں کیا فرق ہے؟

(iii) مولانا شبلی نعمانی کے اسلوب کی دو خوبیاں لکھیے۔

(iv) بلی اور کتے کی رقابت کیوں مشہور ہے؟

(v) کارن فلیک اور دال دلیا میں کیا فرق ہے؟

(vi) بہادر شاہ ظفر کو رنگون میں کیوں جلاوطن کیا گیا؟

(vii) اصطلاح میں مطلع غزل کے کس شعر کو کہتے ہیں؟

(viii) کنایہ سے کیا مراد ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (i) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ii) ملکی پرندے اور دوسرے جانور 05

6۔ نصاب میں شامل نظم "نعت" کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 05

7۔ مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اُسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائیے۔ -- یا -- 10

ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔

8۔ "دودھ میں پانی" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ -- یا -- ڈاکٹر اور مریض کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 05

(i) حسنین کو کتاب پڑھی۔ (ii) میں نے دوڑا لیکن چور بھاگ گیا۔ (iii) عثمان نے شاگرد پڑھایا۔

(iv) حسیب، منیب اور مجیب آیا۔ (v) اپنے گریبان میں ہاتھ ڈالنا۔

-- یا --

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) بلی کے بھاگوں _____ (ii) جس کی لاٹھی _____ (iii) غریب کی جورو _____ (iv) لادو دے لدادے _____ (v) خدمت سے _____

902-IX124-110000

www.pakcity.org

Gujranwala Board-2024

pakcity.org

رول نمبر اُمیدوار :

اُردو (لازمی) پہلا گروپ (1st A 124-II) سیکنڈری سکول پارٹ-I، کلاس نہم پرچہ : I

وقت : 20 منٹ معروضی ...... Code: 5023 مارکس : 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1. 1- "مؤنث" لفظ ہے
(A) غزل (B) گلاب (C) سراب (D) بادل

2- "امید" کا متضاد ہے
(A) بےاُمید (B) نااُمیدی (C) بےاُمیدی (D) کم اُمید

3- "مناظر" کا واحد ہے
(A) نظارہ (B) منظر (C) منظروں (D) نظارے

4- خلوتِ اوراق میں نغمہ زن تھے
(A) طیور (B) بلبل (C) قمری (D) طائر

5- پنجابی / سرائیکی لفظ "سُتھن" سے مراد ہے
(A) قمیص (B) چادر (C) شلوار (D) بنیان

6- بڑے اُلو کو کہتے ہیں
(A) مہا اُلو (B) شاہ اُلو (C) بوم (D) چغد

7- جمن جس وضع کا آدمی تھا
(A) صلح پسند (B) لڑاکا (C) امن پسند (D) ڈرپوک

8- پلنگ پر چادر اوڑھ کر سو گئے
(A) جنابِ ابوبکرؓ (B) جنابِ عامرؓ بن فہیرہ (C) جنابِ امیرؓ (D) جنابِ عبداللہؓ

9- "شخص" کی جمع ہے
(A) شخصیت (B) شخصیات (C) اشخاص (D) شخصوں

10- "مذکر" لفظ ہے
(A) راگ (B) زندگی (C) قدرت (D) برسات

11- وِلسن روڈ کا بنگلا جس نے بنوایا تھا
(A) جانسن (B) وِلسن (C) بیکن (D) وِلیم

12- لفظ "ملت" کا درست تلفظ ہے
(A) مَلَت (B) مِلّت (C) مَلّت (D) مِلَث

13- "توبۃ النصوح" کی صنف ہے
(A) ناول (B) افسانہ (C) ڈرامہ (D) مضمون

14- میر تقی میر پیدا ہوئے
(A) 1721ء (B) 1722ء (C) 1724ء (D) 1723ء

15- فرمانِ امن لکھا گیا
(A) کپڑے پر (B) چمڑے پر (C) کاغذ پر (D) دھات پر



www.pakcity.org

پرچہ I | (1st A 124) سیکنڈری سکول پارٹ-I، کلاس نہم | پہلا گروپ
مارکس: 60 | انشائی | 2:10 گھنٹے

pakcity.org

## حصہ اول

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (6+4 = 10)

### (حصہ نظم)

(3x2=6)

i- سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت ...... تیتر پکارتے ہیں سُبحان تیری قدرت
ii- محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم ...... کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھُلا تیرا
iii- ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ ...... ممکن نہیں ہری ہو۔ سحاب بہار سے
iv- سُنی ہم نے طوطی و بُلبل کی باتیں ...... ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

### (حصہ غزل)

(2x2=4)

i- مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا ...... وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا
ii- دلِ ناداں تجھے ہُوا کیا ہے ...... آخر اس درد کی دوا کیا ہے
iii- لگتا نہیں ہے دل مرا اُجڑے دیار میں ...... کِس کی بنی ہے عالمِ ناپائیدار میں

## حصہ دوم

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (5+5 = 10)

(الف) ایک ایسے شخص کی حالت کو خیال کرو، جس کی آمدنی، اُس کے اخراجات کو مناسب ہو اور اُس کے حاصل کرنے میں اُس کو چنداں محنت و مشقت کرنی نہ پڑے، جیسا کہ ہمارے ہندوستان میں ملکیوں اور لاخراج داروں کا حال تھا اور وہ اپنے دلی قویٰ کو بھی بے کار ڈال دے تو اُس کا حال کیا ہو گا۔

(ب) جب دوسروں سے مدد ملنے کی توقع منقطع ہوگئی تو میں نے دل میں سوچا کہ چلو ان گارڈ صاحب سے ہی پوچھیں۔ میں کھڑا ہو گیا۔ وہ آئے میں نے دریافت کیا کہ جناب اس دوسرے سوال کا کیا جواب ہے؟ وہ مسکرائے اور کہا کہ "مجھے معلوم نہیں۔" میں نے کہا کہ یہ برابر والے بڑے زور سے لکھ رہے ہیں۔

(ورق اُلٹیے)

www.pakcity.org

4- درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i- خط کو آدھی ملاقات کیوں کہا جاتا ہے؟
ii- آرام و سکون صحت کے لیے کیوں ضروری ہے؟
iii- تجمل نے اختر کے بارے میں کن خیالات کا اظہار کیا؟
iv- نگرانِ کار نے طالب علم کے ساتھ کس قسم کا برتاؤ کیا؟
v- مرکب تام کی دو مثالیں لکھیے۔
vi- ردیف اور قافیہ میں کیا فرق ہے؟
vii- حمد اور نعت میں کیا فرق ہے؟
viii- میر نے "نیم باز آنکھوں کی مستی" کو کیا قرار دیا؟

5- درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ب) لہو اور قالین

6- شاملِ نصاب نظم "حمد" کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7- اپنے والد کے نام خط لکھیے اور اپنے سکول میں امتحانی نتیجہ کی رُوداد بیان کیجیے۔ **یا** اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8- "جس کا کام اُسی کو ساجھے" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ **یا** "ہوٹل منیجر اور گاہک" کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

i- جی نے چاہا تو سیر کروں گا۔
ii- مزمل نے قرآن کو پڑھا ہو گا۔
iii- طارق نے اخبار کو خریدا ہو گا۔
iv- مسافر نے مقامی لوگوں کو جاہل سمجھے۔
v- جوانی میں ہم بھی گدھے بیچ کر سویا کرتے تھے۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i- پاک رہو، ________ ۔
ii- تخم تاثیر، ________ ۔
iii- صورت نہ شکل، ________ ۔
iv- ماروں گھٹنا ________ ۔
v- یہاں کا باوا ________ ۔

Gujranwala Board-2024 pakcity.org

رول نمبر اُمیدوار: ________

اُردو (لازمی) دوسرا گروپ (1st A 124-IV) سیکنڈری سکول پارٹ-I، کلاس نہم پرچہ: I

وقت: 20 منٹ معروضی ...... Code: 5028 مارکس: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1- "جرم" کی جمع ہے

(A) جروم (B) اجرام (C) جریم (D) اجرائم

2- ______ کی کمر جھک کر کمان ہو گئی تھی۔

(A) دادی (B) نانی (C) خالہ (D) پھوپھی

3- "رنج" کا مترادف ہے

(A) سکھ (B) خوشی (C) الم (D) پیار

4- "بنجارا" کی مؤنث ہے

(A) بنجاری (B) بنجارن (C) بنجارنی (D) بنجن

5- نعت میں طوطی کے ساتھ لفظ آیا ہے

(A) بلبل (B) طوطا (C) کبوتر (D) مور

6- جو لوگ زنانہ مکان کے اندر گھسنا معیوب سمجھتے تھے

(A) اہلِ مغرب (B) اہلِ عرب (C) اہلِ دل (D) اہلِ وطن

7- میر تقی میر کی وجہ شہرت ہے

(A) نظم (B) مرثیہ (C) قصیدہ (D) غزل

8- "بندر" کی مؤنث ہے

(A) بندری (B) بنداری (C) بندریا (D) بندائن

9- شعر کے آخر میں دہرائے جانے والے ایک جیسے الفاظ کو کہا جاتا ہے

(A) قافیہ (B) مطلع (C) ردیف (D) مقطع

10- ______ کے اخلاق نہایت وسیع تھے۔

(A) حالی (B) آتش (C) غالب (D) ذوق

11- اکثر ______ گھبرایا کرتا ہے۔

(A) مبتدی (B) چور (C) جھوٹا (D) نالائق

12- "خیمہ" کی جمع ہے

(A) خمیم (B) اخیام (C) خیام (D) خموم

13- روٹی پیدا کرنے کے لیے نہایت ضروری ہے

(A) آرام (B) سفارش (C) خوشامد (D) محنت

14- عید کے دن میلے سے کھلونا گاڑی لایا تھا

(A) ننھا (B) منا (C) ہلو (D) للّو

15- مصرع "اس زُلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی" ______ کا ہے۔

(A) انشا (B) جرأت (C) درد (D) میر تقی میر

پرچہ I | (1st A 124) سیکنڈری سکول پارٹ-I، کلاس نہم | دوسرا گروپ

مارکس: 60 | انشائی | وقت: 2:10 گھنٹے

## حصہ اول

pakcity.org

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (6+4 = 10)

### (حصہ نظم)

(3x2=6)

i- ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور ...... خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے

ii- سبزوں کی لہلہاہٹ، کچھ ابر کی سیاہی ...... اور چھا رہی گھٹائیں سرخ اور سفید کاہی

iii- چُھپا نہیں نظروں میں یاں خِلعتِ سُلطانی ...... کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

iv- یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا ...... مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے

### (حصہ غزل)

(2x2=4)

i- میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز ...... اُسی خانہ خراب کی سی ہے

ii- برہمن کو باتوں کی حسرت رہی ...... خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

iii- جان تُم پر نثار کرتا ہوں ...... میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## حصہ دوم

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (5+5 = 10)

(الف) ہم قبول کرتے ہیں ہندوستان میں ہندوستانیوں کے لیے ایسے کام بہت کم ہیں، جن میں اُن کو قوائے دلی اور قوتِ عقلی کو کام میں لانے کا موقع ملے اور برخلاف اس کے اور ولایتوں میں اور خصوصاً انگلستان میں، وہاں کے لوگوں کے لیے ایسے موقعے بہت ہیں اور اس میں بھی کچھ شک نہیں کہ اگر انگریزوں کو بھی کوشش اور محنت کی ضرورت اور اُس کا شوق نہ رہے، جیسا کہ اب ہے، تو وہ بھی بہت جلد وحشت پنے کی حالت کو پہنچ جاویں گے۔

(ب) دن بھر اُلو آرام کرتا ہے اور رات بھر ہُو ہُو کرتا ہے۔ اس میں کیا مصلحت پوشیدہ ہے؟ میرا قیاس اتنا ہی صحیح ہے جتنا کہ آپ کا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ اُلو تُو ہی تُو کا وظیفہ پڑھتا ہے۔ اگر یہ سچ ہے تو وہ ان خود پسندوں سے ہزار درجہ بہتر ہے، جو ہر وقت مَیں ہی مَیں کا وِرد کرتے رہتے ہیں۔

www.pakcity.org

4- درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i- خواجہ باسط نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

ii- انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟

iii- افسانہ کی تعریف کیا ہے؟

iv- جملے کے کتنے اجزاء ہیں؟

v- بُلبل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟

vi- "مطلع" کے معنی کیا ہیں؟

vii- محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

viii- میر کی نصابی غزل سے قافیہ کی مثال دیجیے۔

5- درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) ہجرت نبوی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم (ب) لہو اور قالین

6- شاملِ نصاب نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7- اپنی والدہ کو خط لکھیے اور موسم گرما کی تعطیلات کا پروگرام بتایئے۔ یا جناب ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست تحریر کیجیے اور اپنے محلّہ کی ناقص صفائی کی شکایت کیجیے۔ (10)

8- پڑھائی کے موضوع پر دو ہم جماعتوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا "عقل مند بیوی" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ (5)

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

i- اس نے کتاب کو خریدا۔

ii- ہمت کو نہ ہارو۔

iii- اللہ کا نام لے کر کمر کو باندھ لو۔

iv- جماعت کراچی چلی گئیں۔

v- آسمان سے ملاقاتیں کرنا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i- بوڑھی گھوڑی ______ ۔

ii- بات کھٹائی میں ______ ۔

iii- قاضی کے گھر کے ______ ۔

iv- گُڑ سے جو مرے تو ______ ۔

v- دل کو دل سے ______ ۔

Lahore Board-2024

رول نمبر ــــــــــــــــــــ (امیدوار خُود پُر کرے) ( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025 )

اردو (لازمی) 024- فرسٹ اینول (نہم کلاس) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) PAPER CODE = 5023 کُل نمبر : 15

pakcity.org

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | امیر کی جمع ہے : | (A) امراء ● | (B) امرن | (C) امارات | (D) امور |
| 2 | میر اور مرزا کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مرید تھے : | (A) خواجہ میر درد کے | (B) مرزا [redacted] | (C) ابراہیم ذوقؔ کے | (D) خواجہ باسط کے ● |
| 3 | کیا کیا مچی ہیں ـــ برسات کی بہاریں : | (A) لوگو | (B) یارو ● | (C) دوستو | (D) دیکھو |
| 4 | دکھ کا مترادف ہے : | (A) خوشی | (B) [illegible] | (C) تکلیف ● | (D) رُخ |
| 5 | کس نے سوداؔ کو میرؔ پر ترجیح دی : | (A) ذوقؔ نے ● | (B) [redacted] | (C) مومنؔ نے | (D) شیفتہؔ نے |
| 6 | طالب علم نے کتنے سالوں میں لاء کلاس کا کورس پورا کیا : | (A) چار سال | (B) دو سال ● | (C) تین سال | (D) پانچ سال |

(ورق الٹئے)

( 2 )

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7-1 | مَلک کی مؤنث بنایئے : | (A) مالکہ | (B) ملکہ ● | (C) شہزادی | (D) شہزادن |
| 8 | "قاطع برہان" کے مصنف ہیں : | (A) ذوقؔ | (B) مومنؔ | (C) غالبؔ ● | (D) سوداؔ |
| 9 | کس کے گھوڑے کے پاؤں زمین میں دھنس گئے : | (A) یہودی | (B) سراقہ بن جعشم ● | (C) ہمہ تن چشم | (D) ابن ہشام |
| 10 | ڈاکٹر نے میاں کو کس بات کی تاکید کی تھی : | (A) وقت پر دوائی کھانے کی | (B) انجکشن لگوانے کی | (C) خاموش لیٹے رہنے کی ● | (D) سیر کرنے کی |
| 11 | "مرآۃ الغیب" کس کی کتاب ہے : | (A) امیر مینائی ● | (B) نذیر اکبر آبادی | (C) مرزا غالبؔ | (D) علامہ محمد اقبال |
| 12 | عروج کا متضاد بنایئے : | (A) جمال | (B) کمال ● | (C) جلال | (D) زوال |
| 13 | مرزا غالبؔ کا اصل نام کیا تھا : | (A) سعد اللہ | (B) عبداللہ خاں | (C) نصر اللہ خاں | (D) اسد اللہ خاں ● |
| 14 | افسانہ "زادِ راہ" کس کی تصنیف ہے : | (A) کرنل محمد خان | (B) ڈپٹی نذیر احمد | (C) میرزا ادیب | (D) منشی پریم چند ● |
| 15 | حدیث کی جمع ہے : | (A) حوادث | (B) احادیث ● | (C) حادثہ | (D) حادثات |

www.pakcity.org

101-024-I-(Objective Type)-43750 (5023)

Lahore Board-2024

رول نمبر ............... (امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025)

اردو (لازمی) 024 - فرسٹ اینول (نہم کلاس) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : I (انشائیہ طرز) (پہلا گروپ) کل نمبر : 60

pakcity.org

## (حصہ اوّل)

2- درج ذیل اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

(حصہ نظم)

(i) ہے لازوال عہدِ خزاں اس کے واسطے کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

(ii) جو بے داغ لالہ، جو بے خار گُل ہے وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے

(iii) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(iv) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

(حصہ غزل)

(v) بار بار اُن کے در پہ جاتا ہوں حالت اب اضطراب کی سی ہے

(vi) میں بھی مُنھ میں زبان رکھتا ہوں کاش پوچھو کہ مدّعا کیا ہے

(vii) ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

## (حصہ دوم)

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) ایک ایسے شخص کی حالت کو خیال کرو، جس کی آمدنی، اس کے اخراجات کو مناسب ہو اور اس کے حاصل کرنے میں اس کو چنداں محنت و مشقت کرنی نہ پڑے، جیسا کہ ہمارے ہندوستان میں ملکیوں اور لاخراج داروں کا حال تھا اور وہ اپنے دلی قویٰ کو بھی بےکار ڈال دے تو اس کا حال کیا ہو گا۔

(ورق اُلٹیے)

101-024-I-(Essay Type)-175000

( 2 )

3- (ب) بھینسے کو بالکل نکما سمجھا جاتا ہے۔ اسے ہل میں جوتنے کی سکیم ناکامیاب ثابت ہوئی، کیونکہ وہ دائمی طور پر تھکا ہوا اور ازلی سُست ہے۔ اس نے بچپن میں بھینس کا دودھ پیا تھا۔ بھینس کے سامنے بین بجائی جائے تو نتیجہ تسلی بخش نہیں نکلتا، بھینس کو بین سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) بحوالہ سبق ''ہجرت نبوی ﷺ'' ابوجہل نے حضرت محمد ﷺ کونقصان پہنچانے کے لیے کون سی رائے پیش کی؟

(ii) مرزا غالب اکثر تنگ دست کیوں رہتے تھے؟ (iii) اگر انسان اپنے دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

(iv) جمن نے خالہ کی خاطر داریاں کب تک کیں؟ (v) ڈرامہ ''آرام وسکون'' کے آخر میں کون کون سی آوازیں مل کر میاں کو تکلیف دیتی ہیں؟

(vi) نظم حمد میں شاعر کے دل سے کیا نکرا کے گزرتا ہے؟ (vii) طیور کہاں نغمہ زن تھے؟

(viii) صیّاد سے بہادر شاہ ظفر کی کون مراد ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے : (الف) پنچایت (ب) آرام وسکون 5

6- نصاب میں شامل نظم ''حمد'' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7- فیس معافی کے لیے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔ 10

یا

اپنی پڑھائی میں وقت پیدا کرنے والی موسیقی بند کرانے کے لیے ہمسائے کے نام خط لکھیے۔

8- ''جس کا کام اُسی کو ساجھے'' کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ یا تاریخ پاکستان کے موضوع پر استاد اور شاگرد کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 5

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے : 5

(i) دس جگ، پانچ پلیٹیں ایک گلاس ٹوٹ گیا۔ (ii) دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔ (iii) امجد نے کراچی جانا ہے۔

(iv) حسیب، منیب اور مجیب آیا۔ (v) میں نے شاہد دیکھا۔

یا

درج ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے : (i) اُلٹے بانس ---- (ii) رات گئی ---- (iii) ہاتھی کے دانت ----

(iv) ظلم کی ٹہنی کبھی ---- (v) جس کی لاٹھی ----

Lahore Board-2024

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے) (تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025)

اردو (لازمی) 024- فرسٹ اینول (نہم کلاس) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) PAPER CODE = 5022 کل نمبر : 15

pakcity.org

(دوسرا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | شفیق الرحمٰن کی تصنیف کون سی ہے : | (A) دجلہ | (B) گگوادمن | (C) آبِ حیات | (D) ابن الوقت |
| 2 | آم میٹھا ہو اور بہت ہو یہ کس کی رائے ہے : | (A) سرسید | (B) علامہ محمد اقبالؒ | (C) شبلی نعمانی | (D) مرزا غالبؔ |
| 3 | ''خیر باشد کہاں'' یہ فارسی جملہ کس نے کہا : | (A) سید انشا | (B) حیدر علی آتش | (C) ناسخ | (D) میرؔ |
| 4 | رسمی خطوط کسے لکھے جاتے ہیں : | (A) دوستوں کو | (B) والدین کو | (C) اخبار کے مدیروں کو | (D) عزیزوں کو |
| 5 | اندھے کو اندھیرے میں بہت دور کی سوجھی۔ یہ مصرع کس نے پڑھا : | (A) میرؔ | (B) سید انشاؔ | (C) مرزاؔ | (D) جراتؔ |
| 6 | نظیر اکبر آبادی کس بیماری میں مبتلا ہوئے : | (A) شوگر | (B) بلڈ پریشر | (C) فالج | (D) کینسر |
| 7-1 | ''ریختہ کے تمھی استاد نہیں ہو غالب'' میں ریختے سے کیا مراد ہے : | (A) کلچر | (B) تہذیب | (C) زبان | (D) تمدن |
| 8 | کس شاعر کی شاعری میں مناظرِ فطرت، مذہبی تہوار، سماجی رسوم، میلوں، ٹھیلوں، جانوروں اور پھلوں کا ذکر جا بجا ملتا ہے : | (A) میر | (B) نظیر | (C) دبیر | (D) انیس |
| 9 | خالہ نے پنچائیت کی دھمکی دی تو جمن کے چہرے پر کیسے آثار تھے : | (A) دکھ کے | (B) افسردگی کے | (C) مستی کے | (D) فاتحانہ ہنسی کے |
| 10 | مرزا ادیب کا اصل نام ہے : | (A) ولی محمد | (B) دلاور علی | (C) فضل حسن | (D) حیدر علی |
| 11 | فتنہ کی جمع ہے : | (A) فتنے | (B) فتن | (C) فتنوں | (D) فتائن |
| 12 | نند کا مذکر ہے : | (A) نندوئی | (B) داماد | (C) نندو | (D) جیجو |
| 13 | قوت کا متضاد ہے : | (A) توانائی | (B) توانا | (C) ضعف | (D) ضعیف |
| 14 | دکھ کا مترادف ہے : | (A) خوشی | (B) سکھ | (C) تکلیف | (D) رُخ |
| 15 | امام کی جمع ہے : | (A) امم | (B) امامت | (C) آئمہ | (D) عمم |

www.pakcity.org

Lahore Board-2024

رول نمبر.................(امیدوار خود پُر کرے) ( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025 )

اردو (لازمی) 024 - فرسٹ اینول (نہم کلاس) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : I (انشائیہ طرز) (دوسرا گروپ) کل نمبر : 60

pakcity.org

## (حصہ اوّل)

2- درج ذیل اشعار کی مختصر تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) : 10

(حصہ نظم)

(i) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو
جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا

(ii) جیوں تیرے دَر پر ، مروں تیرے در پر
یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں
ہزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(iv) ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ
ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

(حصہ غزل)

(v) آتشِ غم میں دل بُھنا شاید
دیر سے بُو کباب کی سی ہے

(vi) کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر
میں جاگا کیا ، بخت سویا کیا

(vii) جان تُم پر نثار کرتا ہوں
میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## (حصہ دوم)

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) باوجودیکہ مرزا کی آمدنی اور مقدور بہت کم تھا، مگر خودداری اور حفظِ وضع کو وہ کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ شہر کے امراء و عمائد سے برابر کی ملاقات تھی۔ کبھی بازار میں بغیر پالکی یا ہوا دار کے نہ نکلتے تھے۔ عمائدِ شہر میں سے جو لوگ اُن کے مکان پر آتے تھے، یہ بھی اُن کے مکان پر ضرور جاتے۔

(ورق الٹئے)

( 2 )

3- (ب) والد صاحب قبلہ خوش تھے کہ بیٹے کو قانون کا شوق ہو چلا ہے۔ کسی زمانے میں بڑے بڑے وکیلوں کے کان کترے گا۔ ہم بھی بےفکر تھے کہ چلو دو برس تک تو کوئی محنت کے لیے کہ ہی نہیں سکتا۔ بعد میں دیکھیے کون جیتا ہے اور کون مرتا ہے ، لیکن زمانہ آنکھ بند کیے گزر جاتا ہے ، دو سال ایسے گزر گئے جیسے ہوا۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) بابائے اردو مولوی عبدالحق نے میر کے بارے میں کیا رائے دی ہے؟
(ii) شاخِ بُریدہ سے کیا مراد ہے؟
(iii) لفظ ''برسات'' کے دو قافیے لکھیے۔
(iv) سمجھو نے جنے بیل کے ساتھ کیا سلوک کیا؟
(v) سلیم نے چار لڑکوں کا حلیہ کیسے بیان کیا؟
(vi) ''سرہانے میر کے آہستہ بولو'' کا دوسرا مصرع کیا ہے؟
(vii) الطاف حسین حالؔی کی دو ادبی خدمات لکھیے۔
(viii) یہودی نے قلعے سے کیا اعلان کیا؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے : (الف) ہجرت نبوی ﷺ ۔ (ب) لہو اور قالین ۔ 5

6- نصاب میں شامل نظم ''برسات کی بہاریں'' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7- ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھیے جس میں محلے کی صفائی کا ذکر کیجیے۔ 10

یا

ہمسائے کے نام خط لکھیے جس میں موسیقی بند کرنے کی درخواست کیجیے تاکہ پڑھائی میں دِقت نہ ہو۔

8- ''دودھ میں پانی'' کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ یا ہوٹل کے منیجر اور گاہک کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے : 5

(i) طبیعت نے چاہا تو چلا جاؤں گا۔ (ii) میں نے فرحان دیکھا۔ (iii) ایک گلاس، پانچ پلیٹیں، دس جگ ٹوٹ گئیں۔
(iv) فوج نے حملہ کیے۔ (v) ہم نے روٹی کھائیں۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے : (i) خدمت سے ---- (ii) آ بیل---- (iii) جتنی چادر دیکھیے ----
(iv) لاد دے لدا دے ---- (v) پاک رہو ----

www.pakcity.org

| Paper Code Number: 1023 | 2024 (1st-A)<br>سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم ) | Multan Board-2024<br>رول نمبر |
|---|---|---|

| اردو ( لازمی ) | پرچہ - پہلا گروپ-پہلا | معروضی | وقت = 20 منٹ | کل نمبر = 15 |
|---|---|---|---|---|

سوال نمبر 1۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | " حادثہ " کی جمع ہے۔ | احادیث | حدیث | ● حادثات | حادث |
| 2 | " کتب " کا واحد ہے۔ | ● کتاب | کتابیں | کتابوں | کاتب |
| 3 | مذکر لفظ کی نشان دہی کیجیے۔ | شان | ● رنگ | نظر | ملت |
| 4 | مؤنث لفظ کی نشان دہی کیجیے۔ | ● آہ وزاری | جاڑا | تیتر | اشتیاق |
| 5 | لفظ " گُل " کا متضاد ہے۔ | چمن | پھول | باغ | ● خار |
| 6 | حضورؐ نے تین راتیں ______ میں گزاریں۔ | ● جبل ثور | جبل نور | جبل حرا | جبل احد |
| 7 | مرزا غالبؔ کی آمدنی غدر کے بعد ہوگئی تھی۔ | 100 روپے | ● 150 روپے | 200 روپے | 250 روپے |
| 8 | مقالاتِ سرسید کا موضوع ہے۔ | ناول | ڈرامہ | ● مضمون | افسانہ |
| 9 | مصور کا نام تھا۔ ( بحوالہ لہو اور قالین ) | نقوی | قادری | چشتی | ● نیازی |
| 10 | جھالر والے تکیے کے غلاف پر تصویر کڑھی ہوئی تھی۔ | شیر کی | ہاتھی کی | ● بارہ سنگھے کی | ہرن کی |
| 11 | ڈاکٹر صاحب دفتر سے واپس آتے تھے۔ | 6 بجے شام | ● 7 بجے شام | 3 بجے دن | 8 بجے رات |
| 12 | نصوح اور سلیم کا آپس میں رشتہ تھا۔ | دوست | بھائی | ● باپ بیٹا | چچا بھتیجا |
| 13 | اردو کے اولین نظم نگار ہیں۔ | شبلی | ● حالی | پریم چند | نظیر اکبر آبادی |
| 14 | علامہ محمد اقبالؒ نے ایم اے کیا۔ | ● فلسفے میں | انگریزی میں | اردو میں | تاریخ میں |
| 15 | غالبؔ کی شادی ______ کی عمر میں ہوئی۔ | 16 سال | ● 13 سال | 15 سال | 18 سال |

www.pakcity.org
pakcity.org
pakcity.org

Multan Board-2024

2024 (1st-A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

رول نمبر

| اردو ( لازمی ) | پرچہ - پہلا گروپ - پہلا | انشائیہ | وقت = 2.10 گھنٹے | کل نمبر = 60 |
|---|---|---|---|---|

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچہ میں درج ہے۔

## حصہ اول

**2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے )** 10

( حصہ نظم )

| | | |
|---|---|---|
| (i) | ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور | خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے |
| (ii) | پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں | گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں |
| (iii) | جچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی | کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا |
| (iv) | جسے جس طرف آنکھ، جلوہ ہے اُس کا | جو یک سُو ہو دل تو وہی چار سُو ہے |

( حصہ غزل )

| | | |
|---|---|---|
| (i) | برہمن کو باتوں کی حسرت رہی | خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا |
| (ii) | میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز | اُسی خانہ خراب کی سی ہے |
| (iii) | ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا | اور درویش کی صدا کیا ہے |

## حصہ دوم

**3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔** 10

(الف) عام طور پر بُلبُل کو آہ وزاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کے لیے اُکسایا جاتا ہے۔ بُلبُل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بُلبُل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہوگا۔ بُلبُل اور گلاب کے پھول کی افواہ کسی شاعر نے اُڑائی تھی جس نے رات گئے گلاب کی ٹہنی پر بُلبُل کو نالہ وشیون کرتے دیکھا تھا۔

(ب) دونوں صاحب پہلے جبلِ ثور کے غار میں جا کر پوشیدہ ہوئے۔ یہ غار آج بھی موجود ہے اور بوسہ گاہ خلائق ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے عبداللہ، جو نوخیز جوان تھے، شب کو غار میں ساتھ ہوتے، صبح منھ اندھیرے شہر چلے جاتے اور پتا لگاتے کہ قریش کیا مشورے کر رہے ہیں۔

**4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** 2 x 5 = 10

(i) سر سیّد احمد خان کے نزدیک قوائے قلبی اور قوتِ عقلی کے فوائد لکھیے۔

(ii) مشاعرے میں سودا نے جس لڑکے سے بار بار مطلع پڑھوایا اس کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟

(iii) حضرت بی کی نصیحت کا سلیم پر کیا اثر ہوا؟

(iv) افسانہ کی تعریف کیجیے۔

(v) " ڈرامہ آرام وسکون " سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(vi) " نعت " کس نظم کو کہتے ہیں؟

(vii) برسات کے موسم کا حال بیان کریں۔

(viii) تخلص کس شعر میں ہوتا ہے؟

**5۔** کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) کاہلی (ii) امتحان 5

**6۔** کتاب میں دی گئی نظم " برسات کی بہاریں " کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 5

**7۔** چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اچھی صحبت اختیار کرنے کی نصیحت کیجیے۔

یا

سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیے۔ 10

**8۔** " اتفاق میں برکت " کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ یا " استاد اور شاگرد " کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

**9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔** 5

(i) عزیز نے گلاس کو توڑا۔ (ii) عابد نے حج کرنا ہے۔ (iii) کامیابی حاصل کرنے کے لیے کمر کو باندھنا چاہیے۔

(iv) بزرگ کا آب ودانہ اب دُنیا سے اُٹھ گیا ہے۔ (v) حبیب، منیب اور مجیب آیا۔

یا

pakcity.org

**درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔**

(i) آخ تھو ________ (ii) بارہ برس دلّی میں رہے ________ (iii) خدمت ________ عظمت ________

(iv) ________ سیکھ واکو دیجیے جاکو سیکھ سہائے (v) لاد دے لدا دے ________

www.pakcity.org

# Multan Board-2024

| Paper Code Number: 1028 | 2024 (1st-A)<br>سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم) | رول نمبر |
|---|---|---|

| اردو (لازمی) | پرچہ - پہلا گروپ۔دوسرا | معروضی | وقت = 20 منٹ | کل نمبر = 15 |
|---|---|---|---|---|

سوال نمبر 1۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | غزل کا ایسا شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے، کہلاتا ہے۔ | مطلع | مقطع | اہم شعر | آخری شعر |
| 2 | " نائن " کا مذکر ہے۔ | نائی | نایا | نائیکہ | نوئی |
| 3 | " تاریخ " کی جمع ہے۔ | تاریک | تواریخ | تریخ | اتاریخ |
| 4 | جب سے چولھا ٹھنڈا ہوا کسی رشتہ دار نے خبر نہ لی۔ چولھا ٹھنڈا ہونا غربت کے لیے ____ ہے۔ | مجاز مرسل | تشبیہ | کنایہ | استعارہ |
| 5 | " ابواب " کا واحد ہے۔ | وہاب | واب | بوب | باب |
| 6 | " خان " کی مؤنث ہے۔ | خانم | خوانی | خانہ | خانا |
| 7 | " کمال " کا متضاد ہے۔ | عروج | انتہا | زوال | منتہٰی |
| 8 | نامحرم میں " نا " ہے۔ | سابقہ | لاحقہ | کنیت | تخلص |
| 9 | جھڑیوں کی مستی سے مچا رہے ہیں۔ | شور | غل | دھومیں | ناچنا |
| 10 | لگتا نہیں ہے دل مرا اجڑے دیار میں<br>اجڑے دیار گرامر کی رُو سے کیا ہے؟ | تشبیہ | مجاز مرسل | تلمیح | استعارہ |
| 11 | حیدر علی آتش کو کس سے محبت رہی ہے؟ | جان سے | زنخدان سے | زلف سے | رُخ سے |
| 12 | اہل عرب کس چیز کو معیوب سمجھتے تھے؟ | مسجد میں گھسنا | زنانہ مکان میں گھسنا | مسلمانوں کے گھر میں گھسنا | کسی کے گھر میں گھسنا |
| 13 | مرزا سے ایک دفعہ جو ملتا تھا اسے ہمیشہ رہتا تھا ملنے کا: | یارا | ذوق | اشتیاق | خیال |
| 14 | " دکھ " کا مترادف ہے۔ | سکھ | آسائش | دوا | درد |
| 15 | اگر انسان عارضی ضرورتوں کا منتظر رہے اور اپنے دلی قوٰی کو بے کار ڈال دے تو ہو جاتا ہے۔ | سخت جان | بے کار | سخت کاہل اور وحشی | غبی اور نالائق |

www.pakcity.org
pakcity.org

2024 (1st-A)

رول نمبر ______

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اردو ( لازمی ) | پرچہ - پہلا گروپ - دوسرا | اِنشائیہ | وقت = 2.10 گھنٹے | کل نمبر = 60 |

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

(ii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا — مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے

(iii) بوندوں کی جھمجھاہٹ، قطرات کی بہاریں — ہر بات کے تماشے، ہر گھات کی بہاریں

(iv) جچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی — کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

( حصہ غزل )

(i) میں بھی مُنھ میں زبان رکھتا ہوں — کاش پُوچھو کہ مدّعا کیا ہے

(ii) رُخ و زلف پر جان کھویا کیا — اندھیرے اُجالے میں رویا کیا

(iii) ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) باوجود یکہ مرزا کی آمدنی اور مقدور بہت کم تھا، مگر خودداری اور حفظِ وضع کو وہ کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ شہر کے امرا و عمائد سے برابر کی ملاقات تھی۔ کبھی بازار میں بغیر پالکی یا ہوادار کے نہ نکلتے تھے۔ عمائدِ شہر میں سے جو لوگ ان کے مکان پر آتے تھے، یہ بھی ان کے مکان پر ضرور جاتے۔

(ب) ایک تھا لڑکا جو اپنے گاؤں سے پرائمری پاس کرنے کے بعد شہر کے ہائی سکول میں جا داخل ہوا۔ اپنے گاؤں میں تو وہ چھوٹا موٹا چودھری یا چودھری کا بیٹا تھا، لیکن تھا ٹھیٹھ دیہاتی۔ پہلے دن کلاس میں گیا، تو ننگے سر پر صافہ باندھ رکھا تھا۔ بدن پر کُرتا اور تہمد اور پاؤں میں پوٹھوہاری جوتا۔ ماسٹر جی نے شلوار پہننے کو کہا، تو دھیمی آواز میں بولا: " او خدا، سُتھنے تے کُڑیاں پاؤندیاں نیں۔"

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) حافظ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان مدینہ کی طرف ہجرت کا حکم کیوں دیا؟

(ii) الگو چودھری کے والد استاد کی دعا سے متعلق کیا کہا کرتے تھے؟

(iii) مرزا غالب کی " قاطع برہان " پر لوگوں نے زبان درازیاں کیں۔ آپ نے اس کا کیا جواب دیا؟

(iv) " اُس کے لب پھول کی طرح نازک ہیں " اس میں مشبہ، اور وجہ شبہ، کی نشاندہی کیجیے۔

(v) امیدِ بہار کے لیے کس بات کی ضرورت ہوتی ہے؟

(vi) ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے غزل کے اس مطلع میں قافیہ اور ردیف کی نشاندہی کیجیے۔

(vii) تجمّل نے اختر کو کون سی خوشخبری سنائی؟

(viii) کسی نہ کسی بات کی فکر و کوشش میں مصروف رہنا کیوں لازم ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) کاہلی (ii) اِمتحان 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم " حمد " کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 5

7۔ دوست کے نام خط لکھیے جس میں اُسے جہیز اور شادی کے موقع پر بے جا اسراف سے بچنے کی تلقین کیجیے۔ یا

سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام بیماری کی رخصت کے لیے درخواست لکھیے۔ 10

8۔ " عادت کی خرابی " کے موضوع پر کہانی تحریر کیجیے۔ یا مسافر اور ہوٹل منیجر کے درمیان ایک دلچسپ مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) ہم نے کتاب پڑھنی ہے۔ (ii) ماورا نے لاہور جانا ہے۔ (iii) مزمل نے خط کو پڑھا۔

(iv) فیصل، علی اور حسن آیا۔ (v) لڑکیوں نے کہا ہم آتی ہیں۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) آدمی کا شیطان ______ (ii) آ بیل ______ (iii) بوڑھی گھوڑی ______

(iv) خدمت سے ______ (v) عید پیچھے ______

www.pakcity.org
pakcity.org

Rawalpindi Board-2024

pakcity.org

☆ Roll No ______

S.S.C (Part-I) A/2024
(For all Sessions)

Paper Code 5 0 2 1

## اردو لازمی (معروضی)

گروپ - I

وقت: 20منٹ

نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D,C,B,A دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

1.1 حضور ﷺ نے امانتیں واپس کرنے کی ذمہ داری سونپی:

(A) حضرت ابو بکرؓ کو (B) حضرت عمرؓ کو (C) حضرت عثمانؓ کو (D) حضرت علیؓ کو ●

2۔ مرزا کے دوست کا فرغل تھا:

(A) ریشم کا (B) چھینٹ کا ● (C) سوت کا (D) لٹھے کا

3۔ سرسید نے 1870ء میں علمی و ادبی رسالہ جاری کیا:

(A) ندوۃُ العلماء (B) اسبابِ بغاوتِ ہند (C) تہذیبُ الاخلاق ● (D) ہمدرد

4۔ "شاعروں کے لطیفے" میں دربار میں مرشدزادہ کس کی طرف سے عرض لے کر آئے:

(A) ملکہ (B) مرشدزادی ● (C) شہزادی (D) کنیز

5۔ سردار تجمل حسین کی کوٹھی کا نام ہے:

(A) النشاط ● (B) المسرت (C) الضیاء (D) التجمل

6۔ "امتحان" میں مصنف نے کمرے کے دروازے کے شیشوں پر چپکا دیا:

(A) اخبار (B) پھول (C) گتا (D) کاغذ ●

7۔ اُلو کا ذکر پرانے بادشاہوں نے اکثر کیا ہے:

(A) کتابوں میں (B) تاریخ میں (C) روزنامچوں میں ● (D) ذاتی تاریخ میں

8۔ محرم بھی ایسا ہی جیسا کہ ہے:

(A) نامحرم ● (B) رحیم (C) کریم (D) رازق

9۔ خلوتِ اوراق میں نغمہ زن تھے:

(A) بُلبل (B) چڑیاں (C) تیتر (D) طیور ●

10۔ خواجہ حیدر علی آتش کے مطابق برہمن کو حسرت رہی:

(A) کام کی (B) قرض لینے کی (C) حکومت کی (D) باتوں کی ●

11۔ بندر کی مؤنث ہے:

(A) باندری (B) بندریاں (C) بندریا ● (D) ابندر

12۔ راہبر کا متضاد ہے:

(A) ساتھی (B) ہمدرد (C) دوست (D) راہزن ●

13۔ قہر کا مترادف ہے:

(A) غضب ● (B) ظلم (C) مزہ (D) جوش

14۔ نور کی جمع ہے:

(A) چاندنی (B) روشنی (C) انوار ● (D) کرشمہ

15۔ موت کی جمع ہے:

(A) موتیں (B) مرگ (C) مردہ (D) اموات ●



www.pakcity.org

Roll No ____________

**S.S.C. (Part-I) A / 2024**
**(For all Sessions)**

**اردو لازمی (انشائیہ)** — **گروپ - I**

Rawalpindi Board-2024

pakcity.org

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (2x5=10)

## حصہ نظم

(i) ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور
خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار سے

(ii) تُو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو
جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلہ تیرا

(iii) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے
قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

(iv) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر
یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے

## حصہ غزل

(i) مزا غم کے کھانے کا جن کو پڑا
وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھو بیٹھا

(ii) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے

(iii) ہاں بھلا کر، ترا بھلا ہو گا
اور درویش کی صدا کیا ہے

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (10)

(الف) شیخ جمن کی ایک بوڑھی بیوہ خالہ تھیں۔ ان کے پاس کچھ تھوڑی سی ملکیت تھی مگر غریب کا وارث کوئی نہ تھا۔ جمن نے وعدے وعید کے سبز باغ دکھا کر خالہ اماں سے وہ ملکیت اپنے نام کرا لی تھی۔

(ب) چند بلیاں گھر میں سارے چوہوں کو ختم کر سکتی ہیں۔ چوہے تو رفع ہو جائیں گے مگر بلیاں رہ جائیں گی۔ بلیاں دن بھر میک اپ کرتی ہیں، ان کی جلد پر طرح طرح کے ڈیزائن ہوتے ہیں۔ موٹی بلیاں اپنے جسم پر لمبائی میں سیدھی دھاریاں بنالیں تو ان کا موٹاپا چھپ سکتا ہے۔ وہ چھریری اور کیوٹ معلوم ہوں گی۔

4۔ ذیل میں سے درج کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (10)

(i) اہل قریش نے حضور ﷺ کو اسلام کی روک تھام کے لیے کیا کیا پیش کیں؟

(ii) غالب نے اپنا چوغہ کس کو دیا اور کیوں؟

(iii) سبق "کاہلی" کے کوئی سے دو مقاصدِ تدریس بیان کریں؟

(iv) مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی کیوں آتی ہے؟

(v) دیہاتی لڑکے کی کہانی سُن کر سلیم میاں پر جو اثرات ہوئے تحریر کریں؟

(vi) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
اس شعر میں مشبہ اور مشبہ بہ کی وضاحت کریں۔

(vii) شاعر (امیر مینائی) کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟

(viii) گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ (05)

الف۔ ہوا اور قالین — ب۔ مرزا غالب کے عادات و خصائل

6۔ نصاب میں شامل نظم "نعت" کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (05)

7۔ مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائیے۔ **یا** اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کے نام بیماری کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8۔ " ہرنی کی دُعا" کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ **یا** اُستاد اور شاگرد کے درمیان " تاریخ پاکستان" کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ (05)

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کریں۔ (05)

(i) دل کو چاہا تو ضرور آؤں گا۔

(ii) عزیز کو گلاس توڑ دی۔

(iii) شائزہ نے کتاب پڑھی اور سونے چلی گیا۔

(iv) گھوڑے فروخت کر کے سونا۔

(v) میں نے کتاب کو پڑھنا ہے۔

**یا**

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) نہ رہے بانس نہ بجے ____________

(ii) خدمت کو ____________ ہے۔

(iii) شیخی اور ____________

(iv) تخم تاثیر ____________

(v) آپ آئے ____________

# Rawalpindi Board-2024

| ☆☆☆ | Roll No ________ |
|---|---|

**S.S.C (Part-I) A/2024**
**(For all Sessions)**

| Paper Code | 5 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|

pakcity.org

## اردو لازمی (معروضی)

گروپ - II      وقت: 20 منٹ      نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C,D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

1-1 آتش کی غزل کے دوسرے شعر میں استعارہ استعمال ہوا ہے:
(A) موتی (B) قلم (C) وصف (D) دندان

2- دعوات کا واحد ہے:
(A) دعائیہ (B) داعی (C) دعا (D) دعوت

3- فقیر کی مؤنث ہے:
(A) فقیرن (B) فقیری (C) بھکارن (D) فقیرنی

4- کثیر کا متضاد ہے:
(A) قلیل (B) تھوڑا (C) کم (D) کبیر

5- بندہ کا مؤنث ہے:
(A) باندی (B) بند (C) بندی (D) بیندی

6- امراض کا واحد ہے:
(A) مریض (B) مرض (C) مراض (D) مراضی

7- "آبِ چشمۂ حیواں درونِ تاریکیست" میں آبِ چشمہ کا معنی ہے:
(A) آبِ شیریں (B) آبِ کھاری (C) آبِ سیاہ (D) آبِ حیات

8- انسان کس شے کو کھو کر پورا حیوان بن جاتا ہے؟
(A) انسانی صفت (B) ایمانداری (C) محنت (D) کاہلی

9- کس مصنف کے ناول اصلاحی ہیں؟
(A) پریم چند (B) مرزا ادیب (C) نذیر احمد (D) مولانا آزاد

10- دہلی میں کونسی وبا آئی؟
(A) برص (B) ہیضہ (C) طاعون (D) بخار

11- یہودی نے قرائن سے پہچان کر کہا ---------- تم جس کا انتظار کرتے تھے وہ آگیا ہے۔
(A) اے صحابہ (B) اہل مدینہ (C) اہل عرب (D) اہل یہود

12- وضع دار وحشی کسے کہتے ہیں؟
(A) کاہل کو (B) پھواڑ اور بدسلیقہ (C) حیوان صفت کو (D) نکمے کو

13- بلیاں کتنی دیر میں سدھائی جا سکتی ہیں؟
(A) ایک سال (B) دو سال (C) تین سال (D) چار سال

14- نواب آصف الدولہ کے دربار سے کون سا شاعر وابستہ رہا؟
(A) میر تقی میر (B) حیدر علی آتش (C) مرزا غالب (D) بہادر شاہ ظفر

15- علامہ اقبال کی خالص فارسی زبان میں شعری کتابوں کی تعداد کتنی ہے؟
(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

www.pakcity.org

Roll No.____________

pakcity.org

**S.S.C. (Part-I) A / 2024**
**(For all Sessions)**

**اردو لازمی (انشائیہ)** — **گروپ - II**

Rawalpindi Board-2024

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2۔** درج ذیل اجزا میں سے حصہ نظم میں سے تین اور غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ [2x5=10]

## حصہ نظم

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم
کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نُور تیرا
مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے

(iii) سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت
تیتر پکارتے ہیں سُبحان تیری قدرت

(iv) ہے تیرے گُلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور
خالی ہے جیبِ گُل، زرِ کامل عیار سے

## حصہ غزل

(i) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز
اسی خانہ خراب کی سی ہے

(ii) زنخداں سے آتش محبت رہی
کنویں میں مجھے دل ڈبویا کیا

(iii) دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے
آخر اس درد کی دوا کیا ہے

**3۔** درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی لکھیے۔ [10]

(الف) ایک دن دیوان فضل اللہ مرحوم بگھی میں سوار مرزا صاحب کے مکان کے پاس سے بغیر ملے نکل گئے۔ مرزا کو معلوم ہوا تو انھوں نے ایک رقعہ دیوان جی کو لکھا۔ مضمون یہ کہ آج مجھ کو اس قدر ندامت ہوئی ہے کہ شرم کے مارے زمین میں گڑا جاتا ہوں۔ اس سے زیادہ اور کیا نالائقی ہو سکتی ہے کہ آپ کبھی نہ کبھی تو اس طرف سے گزریں اور میں سلام کو حاضر نہ ہوں۔ جب یہ دیوان جی کے پاس پہنچا تو وہ نہایت شرمندہ ہوئے اور اُسی وقت گاڑی میں سوار ہو کر مرزا صاحب سے ملنے کو آئے۔

